بسم الله الرحمن الرحيم

حسين تو حسين ھے حسين تو حسين

حسين تو حسين ھے حسين تو حسين
حسين تو حسين ھے حسين تو حسين
حسين تو حسين ھے حسين تو حسين

جو اك نه هو نصيب ميں يه سات بخش دے
سخي ھے ايسا ساري كائنات بخش دے
ھے كائنات كيا عطا كريں يه جنتين

مَجُوسي گر پكارے اُكے يه مدد كرے
ملك كو بال و پر دے ۔ مشكلوں كو رد كرے
هماري بهي مدد كريں گے شاهِ مشرقين

حسين سے ھے فاطمه كے باغ ميں بهار
مقابلے ميں ظلم كے علي كي ذوالفقار
حسين سے ھے دينِ مصطفىٰ كا زيب و زين

حسين پر فدا هوئے ضعيف و نوجوان
كوئي ھے اِن ميں حر تو كوئي طفل بے زبان
كوئي حبيب ھے كوئي زُهير ابنِ قين

اُٹهائي لڑكهڑا كے ضعف ميں جوان كي لاش
سپردِ خاك كر دي ننهے بے زبان كي لاش
فدا كئے جگر كے ٹكڑے اور دل كے چين

کہا تھا نانا جان سے میں سر کٹاؤں گا
خدا کي راہ میں ، میں سارا گھر لُٹاؤں گا
کر اوّلین و آخرین کا ادا ھو دَین

سکینہ بابا جان کا آخري سلام لو
بہن وَداع کرو مجھے رکاب تھام لو
یہ سُن کے خیمہ گاہ میں بپا ھے شور و شین

اکیلا دشت میں ھے اب نواسهءِ رسول
زخم سے چُور چُور رن میں دلبرِ بتول
ھے خون میں بھرا ھُوا علي کا نورِ عین

کہا یہ جبرئیل سے مجھے بتائیے
خدا ھے کس میں خوش پیام یہ سُنائیے
تو آنسوؤں سے جبرئیل کے بھر آئے نین

اے آقا آپ کیجئے شہادت اختیار
یہ سُن کے ضبط ھو گیا ھے جوشِ ذوالفقار
عصر کا وقت ھو گیا ادا ھو سجدتین

جو شمر سینهءِ حسین پر ھُوا سوار
کہا اے شمر اُٹھ نہ چل سکیں گے تیرے وار
بھلا کٹے گي کیسے بوسه گاہِ مصطفین

حسین کا ادا ھُوا وہ سجدهءِ خدا
لعین نے جسمِ پاک سے کِیا ھے سر جدا
حسین مر گئے بہن یہ کر رھي ھے بین

یہ غم کِیا تو یاد آگئے برھانِ دیں
ھے ھو بہو اُنھیں کے جیسے اُن کے جانشیں
رھیں یہ سیفِ دیں جہاں تلک ھے دن یہ رین

کیا ھے عزم مجلسِ عزأ میں اٰئیں گے
سمجھ کے فرض اٰل کو بھي ساتھ لائیں گے
تھے لاتے جس طرح ھمیں ھمارے والدین

حسامي حُبّ داعي تجھکو کام اٰئے گي
دعائے سجدہءِ حسین بخشوائے گي
بَجُز ولائے سیفِ دیں ھے کیا غمِ حسین